5/1/2022
11/4/22
108

Name of the Scholar: **Md Azam Ayubi**

Name of the Supervisor: **Prof. Shahzad Anjum**

Name of the Department: **Department of Urdu**

Topic of Research: **Intezar Hussain Ka Fiction: Mauzu, Usloob aur Technique**

Summary of Abstract

انتظار حسین اپنے نثری اسلوب، فن کارانہ مہارت اور تخلیقی تجربات کی بنیاد پر نہ صرف اپنے معاصرین میں منفرد و ممتاز ہیں بلکہ نثری تخلیق کی دنیا میں جداگانہ و عالمانہ حیثیت رکھتے ہیں۔ انتظار حسین کے سرمایوں پر نظر ڈالنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ انھوں نے اپنے عہد سے غیر مطابقت کا رویہ اختیار کیا ہے اور داستان کو قرأتِ جدید سے آشنا کیا۔

انتظار حسین کے فکشن کا ایک اہم عنصر ناسٹلجیا ہے۔ انتظار حسین نے ناسٹلجیائی عناصر سے نہ صرف ماضی پرستی کا ثبوت دیا ہے بلکہ انھوں نے ماضی کے مد نظر حال کو بھی مضحکہ خیز بنایا ہے۔

اس مقالے میں انتظار حسین کی زندگی اور ان کے ادبی سرمایوں کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے جس میں مختلف حوالوں سے ان کی زندگی پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ان کے سرمایوں کا تجزیہ کرتے ہوئے ان کی خصوصیات کی تحقیق کی گئی ہے۔

مقالے کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔

پہلا باب انتظار حسین: حیات و خدمات پر مشتمل ہے۔

دوسرے باب میں انتظار حسین سے قبل اردو فکشن کا پس منظر ہے۔

تیسرے باب میں انتظار حسین کی افسانہ نگاری پر بحث کی گئی ہے۔

چوتھا باب انتظار حسین کی ناول نگاری پر مشتمل ہے۔

پانچواں باب معاصر فکشن نگاروں میں انتظار حسین کا مرتبہ کے نام سے ہے۔

مقالے کے آخر میں ماحصل کے طور پر اہم نکات اور خصوصی گوشوں کو یکجا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔